علمی اعتقادی اور تاریخی
مقالات کا مجموعہ

مقالاتِ شرف قادری

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

مرتب
محمد عبدالستار طاہر

مکتبہ قادریہ ۔ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب .... مقالات شرف قادری

تحریر .... شیخ الحدیث علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری

ترتیب و تصحیح .... محمد عبد الستار طاہر مسعودی

حروف ساز .... (۱) حافظ نثار احمد قادری

(۲) الحجاز کمپوزرز، اسلام پورہ لاہور فون# 7154080

صفحات ۵۸۴

طباعت .... محرم الحرام ۱۴۲۸ھ، ۲۰۰۷ء

باہتمام .... حافظ نثار احمد قادری

ناشر .... مکتبہ قادریہ، لاہور

تعداد .... ایک ہزار

قیمت .... 225 روپے

تقسیم کار

مکتبہ قادریہ

محی الدین منزل، داتا دربار مارکیٹ، لاہور

فون نمبر 7226193

وقت سے لے کر آج تک سرزمین پاک و ہند میں اسلام کی اشاعت کا سہرا، صوفیاء کرام، علماء اسلام اور شاہانِ مسلمین کے سر بندھتا ہے اور اس خطے میں اسلام کی جڑیں جو گہری ہیں تو یہ اولیاء کرام کی تعلیمات کا نتیجہ ہے۔ چپے چپے پر آپ کو اولیاء کرام کے مزارات ملیں گے جہاں صرف دن کے وقت نہیں رات کو بھی اجالا ہوتا ہے اور اہل محبت حاضر ہو کر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے دینی اور اسلامی احسانات کا اعتراف کرتے ہیں۔

کوئی شک نہیں کہ زندہ قومیں اپنے محسنوں کو یاد رکھتی ہیں، ان کی تابندہ زندگیوں سے کسب ضیاء کرتی ہیں، ان کی قربانیوں، سرفروشیوں اور جدوجہد کا مطالعہ کر کے اپنی کوتاہیوں کو نوٹ کرتی ہیں اور ان کے ازالے کی کوشش کرتی ہیں، بزرگوں کے مزارات کی حفاظت، ان کے نام پر ادارے، لائبریریاں اور تنظیمیں قائم کرنا، ان کی سوانح حیات لکھنا ان کی تصانیف کی اشاعت جاری رکھنا، ان کے آثار اور ذاتی لائبریریوں کو محفوظ کرنا، یہ سب کیا ہے؟ یہ ان بزرگوں کے پیغام کو پھیلانے اور مشن کو آگے بڑھانے ہی کی مختلف صورتیں ہیں۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ ہمارا سرمایہ بزرگوں بلکہ مجذوبوں کے مزارات پر خرچ ہو رہا ہے ــــــ قوالوں اور نعت خوانوں پر نوٹوں کی بارش کی جاتی ہے ــــــ ہمیں اس سے غرض نہیں کہ ان حضرات کی وضع قطع شرعی ہے یا نہیں ــــــ وہ نماز روزے کے پابند بھی ہیں یا نہیں ــــــ ہم صرف صوت (آواز) اور صورت کو دیکھتے ہیں، ہم ڈھنگ اور آہنگ کو دیکھتے ہیں ــــــ ہمیں اس سے سروکار نہیں کہ نعت کے نام پر پڑھا جانے والا کلام شریعت مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے ہم آہنگ ہے بھی یا نہیں؟ ــــــ ہمارے سامنے "خدا ہے محمد۔ محمد خدا ہے" جیسے غیر شرعی کلمات کہے جاتے ہیں تو ہم جھوم جھوم جاتے ہیں اور سبحان اللہ! ماشاء اللہ! کہہ کر داد بھی دیتے ہیں ــــــ میلاد شریف اور گیارہویں شریف کے نام پر بیسیوں دیگیں اور رنگا رنگ کھانے اور پھل مہیا کئے جاتے ہیں اور غرباء کو نہیں مالدار